Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# فارسی ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

Q. 1. Circle the correct option i.e. الف / ب / ج / د. Each part carries one mark.

(i) شہادت کے وقت راشد منہاس کی عمر کیا تھی؟

الف۔ 25 سال ب۔ 17 سال
ج۔ 20 سال د۔ 18 سال

(ii) پہلی بار پرواز کس نے کی؟

الف۔ اتو ب۔ عباس بن فرناس
ج۔ ویلبز د۔ اروِیل رائٹ

(iii) ہمیں کن لوگوں کے راستے پر چلنا چاہیے؟

الف۔ نیک لوگوں کے ب۔ کنارہ کش لوگوں کے
ج۔ شہری لوگوں کے د۔ دیہاتی لوگوں کے

(iv) اجنبی شخص آنحضرت سے کہاں ملا؟

الف۔ مدینہ منورہ ب۔ خانہ کعبہ
ج۔ طائف د۔ راستے میں

(v) شاعر کے نزدیک بہترین ہم نشین کون ہے؟

الف۔ ٹی وی ب۔ فون
ج۔ کتاب د۔ اخبار

(vi) سید علی ہجویری کہاں پیدا ہوئے؟

الف۔ ہجویر ب۔ غزنی
ج۔ لاہور د۔ ملتان

(vii) تصوف و عرفان کے موضوع پر سید علی ہجویری کی کتاب کا کیا نام ہے؟

الف۔ کشف المحجوب ب۔ احیاء العلوم
ج۔ مثنوی د۔ تفسیر قرآن

(viii) بہترین انام بعد انبیاء کون ہیں؟

الف۔ حضرت عثمانؓ ب۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ
ج۔ حضرت علیؓ د۔ حضرت عمر فاروقؓ

(ix) امام غزالی کہاں پیدا ہوئے؟

الف۔ نیشاپور ب۔ بغداد
ج۔ طوس د۔ شام

(x) غزل کے کس شعر کو مقطع کہتے ہیں؟

الف۔ پہلا ب۔ درمیانہ
ج۔ آخری د۔ دوسرا

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

(xi) امام غزالی نے کس بادشاہ کو خط لکھا؟

الف۔ سلطان سنجر سلجوقی — ب۔ محمود غزنوی

ج۔ نوشیروان عادل — د۔ امیر خسرو

(xii) حافظ شیرازی کا اصل نام کیا تھا؟

الف۔ نجم الدین — ب۔ شمس الدین

ج۔ مرادِ علی — د۔ حسن دہلوی

(xiii) صدقے کی قبولیت کی کتنی شرائط ہیں؟

الف۔ پانچ — ب۔ دو

ج۔ تین — د۔ چار

(xiv) اجودھن کا موجودہ نام کیا ہے؟

الف۔ لاہور — ب۔ پاک پتن

ج۔ ملتان — د۔ پشاور

(xv) تخت نشینی کے بعد جہانگیر نے پہلا حکم کیا دیا تھا؟

الف۔ زنجیر عدل باندھنا — ب۔ اپنے والد کا قصیدہ لکھوانا

ج۔ فوج کو تیار رہنے کا حکم — د۔ نئی شادی کا ارادہ

(xvi) حضرت سچل سرمست کہاں پیدا ہوئے؟

الف۔ لاہور — ب۔ درازا

ج۔ کراچی — د۔ سکھر

(xvii) ''کناد'' کون سا فعل ہے؟

الف۔ فعل امر — ب۔ فعل مضارع

ج۔ فعل ماضی — د۔ فعل دعا

(xviii) ''طوطی نامہ'' کس زبان کی کتاب کا فارسی ترجمہ ہے؟

الف۔ ہندی — ب۔ عربی

ج۔ سنسکرت — د۔ ترکی

(xix) فارسی کے لفظ ''غریب'' کے کیا معنی ہیں؟

الف۔ مفلس — ب۔ اجنبی

ج۔ عجیب — د۔ گداگر

(xx) مولانا جامیؒ نے ''بہارستان'' کس کتاب کی تقلید میں لکھی۔

الف۔ انوار سہیلی — ب۔ بوستان

ج۔ گلستان — د۔ قابوس نامہ

برائے ممتحن : کل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: ☐

# فارسی ایچ ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اورسوم 80

نوٹ حصہ دوم اورسوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دس (10) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (10x5=50)

**Q. 2. Answer any TEN of the following questions in three to four lines:**

(i) شاعر نے اپنے آپ کو ناتمام کیوں کہا ہے؟

(ii) مشرکین مکہ کیوں نہیں چاہتے تھے کہ اجنبی آنحضرت ﷺ سے ملے؟

(iii) کتاب کو "آئینہ روزگار" کیوں کہا گیا ہے؟

(iv) خط کے شروع میں کیا دعا دی گئی ہے؟

(v) ملفوظات کسے کہتے ہیں؟

(vi) سجّل کا کیا مطلب ہے؟ انہیں یہ لقب کیوں دیا گیا؟

(vii) قصیدہ کیا ہوتا ہے؟ فارسی قصیدے کے اہم شعراء کے نام لکھیے۔

(viii) علم وفن کا حصول کیوں ضروری ہے؟

(ix) "غِناءالقلب" سے کیا مراد ہے؟

(x) امام غزالی نے عدل کی اہمیت کے بارے میں کیا فرمایا؟

(xi) درویش نے خلیفہ کی موجودگی میں پاؤں کیوں نہ سمیٹے؟

(xii) اللہ کا قہر وغضب کن لوگوں کے لیے ہے؟

(xiii) سید علی ہجویری کی نثر نگاری پر مختصراً نوٹ لکھیے۔

(xiv) حضرت موسیٰؑ پر کیا وحی آئی؟

(xv) امام غزالی نے حضرت ابراہیمؑ کے مزار پر کیا عہد کیا تھا؟

(xvi) ماضی اور حال کے لوگوں میں کیا فرق ہے؟

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۳: ذیل کے اقتباسات میں سے کسی ایک کا اُردو یا آسان فارسی میں ترجمہ کیجیے: (10)

**Q. 3. Translate any ONE of the following passages into Urdu or Simple Persian:**

الف۔ خواجه ای بُودعظیم بخیل ، و غلامی داشت که به هزار دینار خریده بُود ، و او به هزار درجه از خواجه بخیل تر بُود. روزی خواجه گفت : "اَی غلام ! نان بیاور و در ببند" ! غلام گفت : "ای خواجه بر زبانِ تو خطا رفت. واجب کردی که گفتی در ببندو نان بیاور که آن به حَزْم نزدیکتر بودی." خواجه این دقیقه از غلام بپسندید و اورا آزاد کرد.

ب۔ فرمود که: "بنده را وقتِ دُعامی باید که ہیچ مَعصیتی که کرده باشد، پیشِ دل نیارد، و نه ہیچ طاعتی. زیرا که اگر پیش دل، طاعتی آرَد، آن عُجبُ باشد و دعای مُعجِبُ مُستجاب نشود.واگر معصیتی پیش دل آرَد، درایقانِ دُعاسُستی آرَد. پس وقتِ دُعا نظرِخاص بر رحمتِ حق می باید داشت".

**(10)**

سوال نمبر۴: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ اشعار کا ترجمہ و تشریح کیجیے:

**Q. 4. Translate and explain any FIVE of the following stanzas:**

(i) من از خاك، پُولادِ ناب آفریدم
تو شمشیر و تیر و تفنگ آفریدی

(ii) چون این دو شَوَند از تو خُرسَند
خُرسَند شود زِ تو خداوند

(iii) ہر کہ دارد زِ شُما، مُرغِ اسیری بہ قَفَس
بُردہ درباغ و بہ یادِ مَنَش آزاد کُنید

(iv) دورِ گردون، گرد و روزی بر مُرادِ ما نَرَفت
دائماً یکسان نباشد حالِ دوران، غم مخور

(v) بَہ لَبَم رسیدَہ جانَم، تو بِیاکہ زندہ مانَم
پَس ازان کہ من نَمانَم، بِہ چہ کار خواہی آمد

(vi) من آن شَمُعم کہ در شب زندہ داری
ہَمِہ شب می کُنَم چُون شمع، زاری

(vii) اَی تن! آرام گیر و صَبُر گزین
کہ ہر امروز را زِپس، فرداست

**(10)**

سوال نمبر۵: مندرجہ ذیل جملوں میں سے پانچ کا فارسی میں ترجمہ کیجیے:

**Q. 5. Translate any FIVE of the following sentences into Persian:**

(i) We have read the last chapter of Persian today?
(ii) We like Persian very much.
(iii) There are so many sayings of manners and Wisdom in it.
(iv) Poetry is also very beautiful in Persian.
(v) We can not speak Persian very well.
(vi) We will try to learn Persian in next year.
(vii) If we will work hard, Inshallah we will succeed.

(i) آج ہم نے فارسی کا آخری سبق پڑھا ہے۔
(ii) ہمیں فارسی بہت اچھی لگتی ہے۔
(iii) اس میں حکمت و اخلاق کی اچھی اچھی باتیں ہیں۔
(iv) فارسی میں شاعری بھی بہت دلکش ہے۔
(v) ہم ابھی زیادہ فارسی بول نہیں سکتے۔
(vi) اگلے سال ہم کوشش کریں گے کہ بول چال کی فارسی سیکھ جائیں۔
(vii) اگر ہم محنت کریں گے تو انشاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیں گے۔

-----1HA 1636 -----